کا سلسلہ ہوگا۔ اس موقع پر اہل خیر سے توقع ہے کہ وہ اس کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر ذخیرۂ آخرت کا سامان مہیا کریں گے۔

مولانا عبدالحلیم مدظلہ کا دورہ بلوچستان | دارالعلوم کے بزرگ اور معمر استاذ حدیث و تفسیر حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب مردانی مدظلہ فضلاء بلوچستان کے پر اصرار دعوت اور تقاضوں پر تعطیلات رمضان میں بلوچستان گئے۔ کوئٹہ، چمن، پشین اور زیارت وغیرہ میں قیام کیا۔ سینکڑوں فضلاء دارالعلوم سے ملاقاتیں ہوئیں۔ اور وہاں کے دینی و علمی حالات پر ان حضرات کی راہ نمائی کی۔ حضرت مولانا مدظلہ نے اپنے دورہ میں اشتراکیت اور اشتراکیت نواز و دیگر لادینی عناصر کے بڑے خطرات محسوس کئے۔ فضلاء و علماء میں تنظیم و ربط کی کمی کا بھی شدت سے احساس کیا۔ جناب مولانا سمیع الحق صاحب کے نام ان کے گرامی نامہ کا یہ اقتباس سارے اہل درد کو دعوت غور و فکر دیتا ہے۔ مولانا لکھتے ہیں:۔

"یہاں آکر یہ محسوس ہوا کہ کمیونسٹوں کا اثر زیادہ اور منظم ہے۔ خصوصاً چمن میں۔ لہٰذا میں نے وہاں تمام فضلاء حقانیہ کو جمع کیا اور انہیں ترغیب دی کہ یہاں آپ کی تنظیم کی زیادہ ضرورت ہے۔ آپ انفرادی طور پر اسلام کی کوئی خدمت نہیں کر سکتے۔ جب کہ آپ کے مقابلہ میں فرق ضالہ منظم ہیں۔ خاص کر کے چمن میں (جو سرحدی شہر ہے) ایک بڑے جامعہ کی ضرورت ہے۔ جس میں ایسے افراد تیار ہو سکیں جو کم سے کم مدافعت تو کریں۔ نیز مسلمان بچوں کو صحیح تعلیم کی ضرورت ہے۔ ورنہ اسکولوں، کالجوں میں خالی الذہن بچے جا کر بے دین ہو جائیں گے۔ کوئٹہ کالج میں کمیونسٹوں کی بڑھتی ہوئی طاقت کا یہ حال ہے کہ سنا ہے تقریباً چھ ماہ تک روسی جھنڈا لہراتا رہا۔ اور اسلام مردہ باد کے نعرے لگائے جاتے رہے۔ اسی طرح مقام زیارت میں عیسائیوں کی تبلیغ زور شور سے ہو رہی ہے وہاں اگرچہ سردی زیادہ ہے اور میری صحت متحمل نہیں لیکن پھر بھی وہاں جانے کا خیال ہے کہ وہاں کے فضلائے حقانیہ کو مقابلہ کے لئے بحیثیت اجتماعی مستعد کیا جائے۔ اس غرض سے پشین بھی جانا ہو گا۔"

حضرت مولانا مدظلہ ۵ شوال کو واپس تشریف لے آئے ہیں اور ان شاء اللہ اپنی مفصل رپورٹ اور تاثرات الحق کے لئے قلم بند کریں گے۔

مولانا محمد تقی عثمانی کی آمد | ہمارے مولانا سمیع الحق کے دیرینہ محترم دوست جناب مولانا محمد تقی عثمانی صاحب کراچی جو ان دنوں وفاقی شرعی عدالت کے معزز جج کے طور پر اسلام آباد میں مقیم ہیں۔ رمضان المبارک میں تشریف لاتے۔ دو دن جناب مدیر صاحب کے ہاں قیام فرمایا۔ اور حضرت مدظلہ کی زیارت کی۔ ادارہ الحق مولانا موصوف کی نئی ذمہ داریوں پر مبارک باد اور استقامت و کامیابی کی دعا کرتا ہے۔